Lesson plan
For
Science, Arts and Games
Agahi School System

Nursery Class

* LESSON PLAN *

Level Nursery

lesson # 1

Day: 1

Objective

Topic : Physical Me

Material: Ink path, paper, magnifying glass.

* procedure *

1. دو بچوں سے کہیے کہ وہ کھڑے ہیو اور بچوں کے گروپ سے جو کلاس میں موجود ہیں کہیے کہ وہ دیکھیں کہ کیا یہ دونوں بچے ایک جیسے ہیں اگر نہیں تو کیوں. جبطرح کہ بچے کہیں گے کہ ایک اونچا، موٹا، وغیرہ ہے
2. اب بچوں کو بتائیں مختلف آنکھوں کے رنگوں، بالوں کے رنگوں، اور چہرے کے رنگوں کے بارے میں بتائیں

Activity:-

⇐ بچوں کو انک پیڈ (Ink pad) اور paper مہیا کریں بچے اپنے انگوٹھے کا print لیں اور دیکھیں کہ ہر ایک بچے کا Thumb print مختلف ہے.

Level :- Nur

آگے پیچھے

ضروری سامان

کچھ نہیں

آغاز کیجئے

۱) بچوں سے کہئے کہ ہر وقت ان کا رخ آپ کی طرف ہو۔
۲) بچوں سے آگے، پیچھے، اور دائیں، بائیں چلنے کا کہیں۔ جلدی جلدی ہدایات دے کر ان کی سننے کی صلاحیت اور رد عمل کو آزمائیں۔
۳) اگلے مرحلے پر دیگر حرکات متعارف کرائیں مثلاً کودنا یا چھلانگ لگانا جیسے۔"بائیں طرف کودیں، آگے کی جانب چھلانگ لگائیے، پیچھے کی جانب چلیں۔" وغیرہ۔

گروپ

سائز: پوری کلاس
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

سننے کی صلاحیت
اعضاء کا استعمال

Topic: My Sense of Touch

Level: Prep

Lesson: 1

Day: 3

Materials:- Net, cotton, wood,

* PROCEDURE *

1- بچوں کو کسی چیز کو چھونے کے بعد اس کا sense دینا۔

2- یعنی ایک باکس میں بہت مختلف چیزیں ڈالیں جس میں cotton، wood، Net وغیرہ کو جو دیوں۔ اب بچوں کی آنکھوں پر پٹی باندھیں اور دیکھیں کہ کوئی سی اس میں سے ایک چیز اٹھائیں۔ جب وہ اٹھائیں تو ان سے پوچھو کہ یہ کیسی ہے۔ وہ بتائیں گے کہ یہ نرم سخت یا کھردری ہے۔

3- اب بچوں کو معلوم ہو گیا کہ وہ کسی چیز کو محسوس اپنے ہاتھوں سے کرتے ہیں

4- اب کچھ ایسی چیزوں کی فہرست بنائیں جو آپ یا بچے اپنے ہاتھوں سے کرتے ہیں

رنگین دوپٹے

ضروری سامان

مختلف رنگوں کے دو دوپٹے، پٹیاں یا فیتے۔

آغاز کیجئے

۱) دو بچوں کو رنگین دوپٹے دے کر کمر کے گرد باندھنے کا کہیں۔ اب وہ دوسرے بچوں کو پکڑنے کی کوشش کریں۔

۱) اگر کوئی بچہ پکڑ لیا جائے تو وہ کھیل کے آخر تک ساکت کھڑا رہے۔

۲) کھیل اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک کہ دوپٹے والے بچوں کے علاوہ ہر کوئی مجسمہ نہ بن جائے۔

گروپ

سائز: پوری کلاس

سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

اعضاء پر قابو

جسمانی حرکت

Topic: My Sense of Sound

Level: prep

Lesson - 1

Day: 5

Material:- 5 bottles, spoons, pebbles(کنکریاں) or Beads.

Procedure

1- بچوں کو ایک دائرہ کی شکل میں بٹھائیں

2- اب تین یا چار بوتلیں لیں ان میں سے تین بوتلوں میں پانی مختلف لیول تک ڈالیں۔ اب بچوں کو باری باری بلائیں اور ایک چمچ ان کے ہاتھ میں دیں اور کہیے کہ وہ اس چمچ کو بوتل نمبر 1 کے دہانے پر مارے اور اس کی آواز سنیں۔ پھر دوسری اور تیسری بوتل کے ساتھ بھی یہی عمل دہرائیں۔

3- اب چوتھی بوتل میں کچھ کنکریاں ڈال دیں اور اس کو ہلائیں
یہ عمل ہر ایک بچے سے کروائیں۔ اب بچوں کو پتہ چلے گا کہ آواز کس طرح پیدا ہوتی ہے۔ اور ہم ان کو کس طرح سن سکتے ہیں

4- کچھ ان چیزوں کی فہرست بنائیں جن کو ہم روزمرہ زندگی میں سنتے ہیں

چمگادڑ اور پتنگے

ضروری سامان

آنکھوں پر باندھنے کی پٹی

آغاز کیجئے

نوٹ: آپ بچوں سے اس کے بارے میں یوں گفتگو کر سکتی ہیں کہ ایک چمگادڑ اپنی سننے کی صلاحیت کو کس طرح اندھیرے میں "دیکھنے" کے لئے استعمال کرتی۔

۱) بچوں سے ایک پندرہ فٹ گولائی کا دائرہ بنوایئے۔
۲) ایک بچے کو چمگادڑ بنایئے اور اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر دائرے کے بیچ میں کھڑا کر دیجئے۔
۳) چند بچوں سے کہئے کہ وہ پتنگے بن کر دائرے کے بیچ میں آجائیں۔
۴) جب چمگادڑ بننے والا بچہ چلائے "چمگادڑ" تو پتنگے تالی بجائیں۔ اب "چمگادڑ" تالی کی آواز پر پتنگوں کو پکڑنے کی کوشش کرے۔
۵) کھیل کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے بیک وقت دو چمگادڑیں بنائیں۔

گروپ

سائز: پوری کلاس
سطح: اعلیٰ سطح کے لئے

مہارت

توجہ
سننے کی صلاحیت
ہوشیاری
حرکت
جسمانی صلاحیت

Topic: My Sense Of Smell.

Level: Prep

Lesson: 1

Day:

Material: Lemon, vinegar, orange, perfume. flower.

Procedure

1- لیموں، سرکہ، اور پرفیوم کلاس میں لائیں

2. بچوں سے کہیے کہ وہ اپنی ۲ آنکھیں بند کریں جو ان کو یہی سب چیزیں ایک ایک کر کے سونگھائیں اور بچوں سے اس کے بارے میں پوچھیں اور پہچان کرائیں سونگھنے سے کہ یہ کیا ہے

3. اب بچوں سے پوچھیں کہ وہ اس شے کو کیسے پہچانیں ہیں اور کونسی ایسی اشیاء ہیں جو بچے اپنی روزمرہ زندگی میں سونگھتے (smell) کرتے ہیں

ڈرم

ضروری سامان

گھی کا ایک صاف، خالی اور گول ڈبہ

ڈرم کے لئے اوپری کاغذ

تقریباً ۴۰ انچ لمبی رسی یا فیتہ

۲ سیدھی چھڑیاں جن کے ایک سرے پر کپڑا چڑھا ہو۔

آغاز کیجئے

۱) خیال رہے کہ ڈبے کی گولائی کے کنارے تیز دھار والے نہ ہوں۔

۲) ڈبے کے گرد چڑھانے کے لئے کاغذ کاٹئے۔ اگر آپ چاہیں تو کاغذ چڑھانے سے پہلے اس میں رنگ بھر لیں۔

۳) ڈبے پر چار جگہ گوند لگا کر اس کے گرد کاغذ چپکا دیجئے۔ کاغذ لگانے کے ساتھ اسے ہموار بھی کرتے جائیں۔

۴) کیل اور ہتھوڑی کی مدد سے ڈرم کے دونوں طرف دو سوراخ کر لیجئے اور ان میں سے رسی گزار کر اندر کی طرف گانٹھ لگا دیجئے۔ اس طرح آپ رسی کو گلے میں ڈال کر ڈرم بجا سکیں گے۔

۵) ایک گتے کی مدد سے آپ ڈبے کے کٹے ہوئے حصے کو بند کر سکتے ہیں۔ یعنی گتا رکھ کر اس پر ٹیپ لگا دیجئے۔

گروپ

سائز: جوڑوں میں

سطح: اعلیٰ سطح کے لئے

مہارت

استعمال شدہ اور بیکار اشیاء کا دوبارہ استعمال

موسیقی کی سمجھ

ہدایات پر عمل کرنا

تعاون اور مل کر کھیلنا

Level :-Nur

اگلا سوال یہ ہے کہ

ضروری سامان
کچھ نہیں

آغاز کیجئے
۱) بچوں سے کہئے کہ آپ جان سکتے ہیں کہ ان کے ذہن میں کیا ہے اس کھیل کے لئے آپ کو ایک معاون کی ضرورت ہوگی۔
۲) آپ کلاس روم سے باہر چلے جائیں۔
۳) آپ کا معاون بچوں سے کہے کہ وہ کمرے میں موجود کوئی چیز سوچیں۔
۴) اب آپ کمرے میں واپس آئیں تو آپ کی معاون آپ سے پوچھے "کیا یہ اسٹیل کی الماری میں ہے؟"، "کیا یہ پنکھا ہے؟" آپ جواب دیتے رہیں "نہیں۔"
۵) یہ سلسلہ کچھ دیر چلتا رہے اور مختلف چیزوں کے بارے میں سوالات پوچھے جاتے رہیں۔ پھر معاون کسی کالی چیز کی جانب اشارہ کرے اور پوچھے "کیا یہ کالا پین ہے؟"۔ لفظ "کالا" سے آپ کو اشارہ مل جائے گا کہ اب اگلی چیز ہی جواب ہے۔
۶) آپ ایسا اس وقت تک کر سکتے ہیں، جب تک کہ گروپ آپ کی ترکیب سمجھ نہ جائے۔
۷) کلاس کو گروپوں میں تقسیم کیجئے اور انہیں یہی ترکیب مختلف طریقوں سے آزمانے دیجئے۔ اس کھیل کا واحد ضابطہ یہ ہے کہ اشارہ الفاظ کی شکل میں ہونا چاہئے مثلاً کوئی صفت، جیسا کہ اس فقرے میں ہے "اگلا سوال یہ ہے......"
۸) ہر گروپ اپنی ترکیب کلاس میں استعمال کرے اور باقی کلاس ان کا اشارہ سمجھنے کی کوشش کرے۔

گروپ
سائز: پوری کلاس اور پھر چھوٹے گروپ
سطح: ہر سطح کے لئے۔

مہارت
زبان کی مشق

Topic: My Sense of Taste

Lesson: 1

Day: 1

Material:- Sugar, salt, lemon, plates

PROCEDURE

1- ایک پلیٹ لیں جس میں صرف چینی ہو۔ اب یہ پلیٹ بچوں تک پہنچائیں تاکہ وہ اس کو تھوڑا سا کھا سکیں۔

2- اب لیموں کا رس، نمک، کے ساتھ بھی یہی عمل دہرائیں

3- اب بچوں سے پوچھیں کہ چینی، لیموں کا رس اور نمک ذائقہ میں کیسے تھے۔ پھر ان کے جواب سنیں

4- جب وہ جواب دے چکے تو ان سے پوچھیں کہ ان کو اس ذائقہ کے بارے میں کیسے پتہ چلا تو ان کے جوابات سنیں

5- پھر ان کو اس کی وضاحت دیں۔

Level - Nur

کپڑا کون اٹھائے؟

ضروری سامان

ایک کپڑے کا ٹکڑا جو دوپٹے کا چوتھائی ہو۔

آغاز کیجئے

۱) دو ٹیمیں بنایئے اور انہیں ایک دوسرے سے ۱۰ فٹ دور کھڑا کیجئے۔
۲) ہر ٹیم اپنے ارکان کو اس طرح نمبر دے کہ دونوں ٹیموں میں ہر نمبر کا ایک ایک بچہ موجود ہو۔
۳) کپڑے کے ٹکڑے کو دونوں ٹیموں کے بیچ میں رکھئے۔
۴) اب نمبر پکاریئے اور دونوں ٹیموں میں اس نمبر کا بچہ کپڑا اٹھانے کے لئے دوڑے۔
۵) جس ٹیم کا بچہ کپڑا اٹھا کر پہلے واپس پہنچے گا وہی ٹیم ایک پوائنٹ حاصل کرے گی۔

گروپ

سائز: دو ٹیمیں
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

ہوشیاری
حرکت
اعضاء کی بہتری

Topic: Weather

Lesson: 2

Day:

Material: pictures of different weather condition like sunshine, cloudy Day, Rain, Snow fall Storm etc.

* Procedure *

1. ٹیچر بچوں کو مختلف موسم کی تصاویر دکھائیں
2. بچوں کیساتھ اچھے (good) اور برے (bad) موسم کے بارے میں بات کریں۔
3. بچوں کو بتائیں کہ کسطرح موسم کے بدلنے سے ہمارے کپڑے (Stuff of cloth) اور ہمارے کام پر اثر انداز ہوتا ہے

Activity:

← بچوں کے ساتھ (Musical chair) کی game کھیلیں مگر کرسیوں کی جگہ چارٹ (white) کی مدد سے بنائے گئے بادل (clouds) استعمال کریں۔

Level:- Nur

کاغذ کی زنجیر Nur

ضروری سامان

رنگین کاغذ (آپ کوئی بھی بیکار کاغذ استعمال کر سکتے ہیں)

آغاز کیجئے

۱) کاغذ کی کئی باریک پٹیاں کاٹئے جو "تقریباً ۸ انچ لمبی اور ۱/۲ انچ" چوڑی ہوں۔
۲) پٹی کے ایک کنارے پر چھوٹا سا گوند لگائیے
۳) اب پٹی کو موڑ کر دوسرا کنارا پہلے سے چپکا دیجئے تاکہ دائرہ سا بن جائے۔
۴) زنجیر بنانے کے لئے دوسری پٹی کو پہلے دائرے میں گزار کر چپکائیے۔

گروپ

سائز: انفرادی یا ۳
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

زبان کی مشق
اگر یہ زنجیر کسی خاص موقع کے لئے کلاس کی سجاوٹ کے لئے بنائی جا رہی ہے تو تعاون اور مل کر کام کرنے کا جذبہ
استعمال شدہ چیزوں کا دوبارہ استعمال۔ ماحولیات دوستی
تخلیقی صلاحیت

Topic: Sunshine

Lesson: 2

Day:

Material:- chart paper, crayons, yellow marker
Yellow kite paper

* Procedure *

-1- بچوں کو سب سے پہلے سورج کی شکل دکھائیں۔

-2- پھر ان سے اس دن جس دن یہ Lesson پڑھایا جا رہا ہے پوچھیں کہ
یہ کیسا ہے۔ اگر Sunny day ہے تو پوچھیں کہ کیوں اسے ہم
Sunny day کہتے ہیں

-3- بچوں سے سورج کی تصویر بنوائیں اور ایک Sunny day کی تصویر
create کروائیں۔

تصویر کو فریم کریں

ضروری سامان

کوئی تصویر جو آپ کو پسند ہو۔
۱۰ × ۸ گہرے رنگ کے کاغذ کا ٹکڑا
کچھ ڈوری
۱/۲ انچ موٹی چار سیدھی درخت کی چھڑیاں
ایک تیز چھری
کیلیں، ہتھوڑی
ریگ مال

آغاز کیجئے

۱) تصویر کے کنارے حسب ضرورت کاٹ لیجئے اور اسے ۱۰ × ۸ کے کاغذ پر چپکائیے۔
۲) دو چھڑیاں ۱۰ لمبی اور دو چھڑیاں ۱۲ لمبی کاٹئے۔ ناہموار کنارے اور گانٹھیں وغیرہ صاف کیجئے اور چھلکا اتاریئے۔ اگر ضرورت ہو تو ریگ مال سے انہیں ہموار کیجئے۔
۳) اب چھڑیوں کے کناروں کو اس طرح ملا کر باندھئے کہ ایک فریم بن جائے۔
۴) فریم کو الٹا کر کے رکھئے اور اس پر تصویر الٹی رکھ کر کیلوں کی مدد سے ٹھونک دیجئے۔ اب فریم میں دو اور کیلیں ڈوری کے لئے ٹھونک دیجئے۔
۵) ڈوری کی مدد سے تصویر کو لٹکایئے۔ خیال رہے کہ ڈوری کیلوں پر مضبوطی سے لگی ہو۔

ملتے جلتے کھیل

- تصویر کو "میری تصویر" یا "میرا گھر" کا نام دیجئے اور اس کے بارے میں گفتگو کیجئے۔ اس سے زبان کی مشق ہوگی۔
- فریم کی شکل اور سائز میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔
- کاغذ اور رنگ بھی تبدیل کئے جا سکتے ہیں۔

گروپ

سائز: انفرادی ۳ اور ۴ کے گروپ میں
سطح: اعلیٰ سطح کے لئے

مہارت

دستی کام کرنے کی صلاحیت
"لڑکوں کے کام" کی طرف مثبت رویہ
ماحول

Topic: Cloudy Day

Lesson: 2

Day:

Material:

* Procedure *

1- بچوں کو encourage کریں کہ وہ clouds کے بارے میں بتائیں
اور سوچیں کہ بادل کس طرح کے ہوتے ہیں اور کیسے بنتے ہیں

2- بادل ہمیں کیا دیتے ہیں۔ بچوں سے یہ پوچھیں اور پھر کہیں کہ
جب آسمان پر کالے بادل آتے ہیں اور ان کے آنے کے تھوڑی دیر بعد
کیا ہوتا ہے۔

3- بچوں کو نیلا چارٹ مہیا کریں اور اس میں سفید paint کی
مدد سے بادل بنوائیں۔

4- کچھ بچوں کو چارٹ اور کچھ بچوں کو ڈبل روٹی کے ٹکڑے دیں جن کو
کناروں سے کاٹ لیں اور پھر ان کو بادل کی شکل میں کاٹ لیں اور
سوکھنے کے لیے رکھ دیں۔ جب یہ سوکھ جائیں تو ان کو نیلے چارٹ پہ Glue
کی مدد سے چسپاں کر دیں۔

میں جاسوس

NW

ضروری سامان

اپنے ماحول سے چند چیزیں۔ خیال رہے کہ ایک حرف سے شروع ہونے والی صرف ایک ہی چیز ہو۔

آغاز کیجئے

۱) دائرے میں بیٹھئے تاکہ ہر کوئی ایک دوسرے کو دیکھ سکے۔
۲) ہر چیز بچوں کو دکھایئے تاکہ انہیں ہر ایک کا نام معلوم ہو۔
۳) ہر بچے کو ایک چیز دیجئے۔
۴) کہئے کہ مجھے "پ" سے شروع ہونے والی ایک چیز نظر آرہی ہے جو فہمیدہ کے ہاتھ میں ہے۔ (بچے کا نام کھیل کے شروع میں لینا کار آمد نہ ہوگا۔ اس لئے آپ کو بچے کا نام جملے کے آخر میں لینا چاہئے ورنہ بچے چیز کے ابتدائی حرف کا انتظار کئے بغیر ہی اس بچے کو دیکھ لیں گے جس کے ہاتھ میں چیز ہوگی)
۵) تمام چیزیں ختم ہو جانے تک کھیل جاری رکھئے۔
۶) بعد میں کھیل کو مشکل بنانے کے لئے چیزوں کو دائرے کے بیچ میں رکھئے اور ابتدائی حروف بتا کر چیزوں کے نام پوچھئے۔

ملتے جلتے کھیل

- جب بچے الفاظ پڑھنے لگیں تو ایک ہی حرف سے شروع ہونے والی مختلف چیزیں لیجئے جن کا آخری حرف بھی مختلف ہو مثلاً برش، بلب، بستہ وغیرہ۔

گروپ

سائز: پوری کلاس
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

سنن کی مشق

Topic : Rain

Lesson: 2

Day:

Material:

* PROCEDURE *

-1- بچوں سے rainy Day کے بارے میں بات کریں۔

-2- پھر مختلف سوالات پوچھیں جیسے جب بارش شروع ہو تو کیسا محسوس ہوتا ہے۔ بارش میں ہم کس قسم کے کپڑے پہنتے ہیں۔

-3- بچوں کو invite کریں کہ وہ rainy day کو draw کریں۔

-4- ایک درمیانہ سائز کا pot لیں اور اس میں سے چھوٹے چھوٹے سوراخ (holes) کر دیں۔ پھر اس pot میں پانی ڈالیں اور پھر بچوں کو بتائیں کہ کس طرح پانی ان holes میں سے قطرہ قطرہ بہہ رہا ہے

-5- کچھ بچوں سے Raindrop مختلف size میں draw کروائیں۔ اور پھر ان قطروں کو کاٹ لیں۔ اس عمل کے لیے Blue چارٹ پیپر استعمال کریں۔ ان raindrops کو چھوٹے سے بڑے اور بڑے سے چھوٹے کی شکل میں arrange کریں

Snowy
Sunny
Rainy
Windy
Cloudy
Stormy

تصویر بناؤ، نام بتاؤ

ضروری سامان

بلیک بورڈ
چاک
کاغذ
پینسل

آغاز کیجئے

۱) بلیک بورڈ کے سائز کی مناسبت سے بچوں سے کہئے کہ وہ بورڈ پر تصویریں بنائیں۔ ظاہر ہے، اگر بلیک بورڈ بڑا ہے تو زیادہ بچے ایک وقت میں استعمال کر سکیں گے۔ انہیں کوئی بھی چیز بنانے دیجئے۔
۲) جیسے ہی وہ ختم کریں آپ اس چیز کا نام تصویر کے نیچے لکھ دیں۔
۳) بچوں کو کچھ دیر کے لئے وہ لفظ پڑھنے دیں اور پھر اسے مٹا کر بچوں سے کہیں کہ وہ خود یاد کر کے لکھیں۔
۴) اس کے بعد دوسرے بچوں سے کہیں کہ وہ آکر بورڈ پر تصویریں بنائیں اس طرح پوری کلاس ختم ہونے تک تصویریں بنواتے رہیں۔
۵) آخر میں آپ تمام الفاظ کی فہرست بورڈ پر لکھئے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی تیار کردہ فہرست والا کاغذ یا کاپی اپنے قریب بیٹھے ساتھی کو دیں۔ اور ٹھیک الفاظ دیکھیں بچے بلیک بورڈ پر فہرست کو دیکھتے ہوئے ایک دوسرے کے کام کی اصلاح کریں۔

ملتے جلتے کھیل

- جب بچے تصویر بنا رہے ہوں تو کلاس سے کہئے کہ وہ بتائیں کہ کون سی تصویر بن رہی ہے۔
- یہ کھیل گروپوں اور ٹیموں میں کھیلا جاسکتا ہے۔
- پرچیوں پر مختلف الفاظ لکھ کر رکھئے۔ کسی ایک بچے سے کہئے کہ ایک پرچی اٹھا کر بلیک بورڈ پر اس کی تصویر بنائے۔ باقی بچے یہ بوجھنے کی کوشش کریں کہ کس چیز کی تصویر بن رہی ہے جیت اس ٹیم کی ہوگی جو سب سے زیادہ تصویریں پہچانے اور ان الفاظ کے ہجے بتا سکے۔

گروپ
سائز : انفرادی
سطح : اعلیٰ سطح کے لئے

مہارت
زبان کی مشق

Topic: SNOW

Lesson: 2

Day:

Material: Cotton bud, Blue chart

* PROCEDURE *

1- بچوں کو برف کی تصاویر دکھائیں۔

2- برف اور بارش میں موجود فرق کے بارے میں بچوں کو بتائیں

3- ایک نیلا چارٹ لیں اور اس کو چار برابر حصوں میں تقسیم کریں

4- اب روئی کو اس چارٹ پر اس طرح چپکایا کریں۔ کہ جیسے برف کا منظر پیش ہو رہا ہو۔

پتلیاں

ضروری سامان
کاغذ کا تھیلا
ردی کاغذ
[illegible]
[illegible]

آغاز کیجئے
۱) کاغذ کا تھیلا لیجئے۔
۲) اب ردی کاغذ سے آنکھیں، ناک، منہ اور چہرہ بنا کر انہیں کاغذ کے تھیلے پر چپکایئے۔
۳) اس کے علاوہ آپ مونچھیں، بال، عینک اور تل وغیرہ بھی بنا سکتے ہیں۔
۴) آپ اپنی پتلی کے لئے چہرے کے تاثرات کو حسب خواہش خوش، افسردہ، ناراض، حیران یا نیند میں دکھا سکتے ہیں۔
۵) پینسل سے بھویں اور پلکیں بنایئے۔
۶) اب اپنے ہاتھ کو تھیلے میں ڈالئے اور آپ کی پتلی تیار ہے۔
۷) آپ بچوں کو پتلی کے بارے میں کہانی سنانے کا کہہ سکتے ہیں۔

گروپ
سائز: انفرادی یا تین کے گروپوں میں
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت
دستی کام کرنے کی صلاحیت
زبان کی مشق
تخلیقی صلاحیت
شرمیلے بچوں کو بات چیت کے ذریعے اس عمل میں شامل کیجئے۔

Topic: WIND

Lesson: 2

Day:

Materials: pinwheel, fan, paper, commonpin

* PROCEDURE *

-1- جیسے ہی پیریڈ شروع ہو کلاس میں اگر گرمیوں کا موسم ہے تو پنکھا full speed میں لگا دیں۔ اس طرح پر چیزیں یعنی کاغذ وغیرہ اڑنا شروع کر دیں۔

-2- ایک pinwheel لیں اور اس کو ہوا کے رخ پر رکھیں اور اس پر ہوا کا اثر بچوں کو دکھائیں

-3- بچوں کو encourage کریں کہ وہ اپنے ارد گرد دیکھیں کہ ہوا چل رہی ہے کہ نہیں

* ACTIVITY *

-1- Blow Bubbles. (بلبلے بنانا)

← بچوں کو (bubble soap) مہیا کریں۔

← کچھ بچوں کو بلبلے بنا کر دکھائیں اور بتائیں کہ کس طرح یہ بلبلے ہوا میں اڑ رہے ہیں اور کوشش کریں کہ ہر بچہ اس عمل میں حصہ لیں

2- Paper Planes

- بچوں کو کاغذ مہیا کریں اور ان سے کاغذ کا جہاز بنوائیں۔
- پھر اس جہاز کو ہوا میں اڑائیں۔ اور دیکھیں کہ کس کا جہاز

چھوٹے بچوں کے لئے ہوائی چکی کا تحفہ

ضروری سامان

کاغذ
تقریباً چھ انچ لمبی شاخ
ایک پن
ٹیپ

آغاز کیجئے

۱) کاغذ سے تقریباً آٹھ انچ کا مربع بنایئے۔
۲) کاغذ کے چاروں کونے بیچ کی سمت کاٹئے۔ جب بیچ سے تقریباً ایک انچ کا فاصلہ رہ جائے تو کاٹنا بند کر دیجئے۔
۳) اب آپ تمام کناروں کو ایک ایک کر کے مرکز تک لایئے تاکہ وہ ایک دوسرے پر آجائیں۔ کناروں کو مضبوطی سے پکڑیئے تاکہ وہ پھسل نہ جائیں۔
۴) کناروں کو ساتھ پکڑ کر ان میں سے ایک پن لگایئے جو چکی کے بیچ تک جائے۔
۵) اب اپنی شاخ کا ایک کنارا مرکزی نقطے پر رکھئے اور مضبوطی سے اپنی جگہ پر چپکا دیجئے۔
۶) آپ کی ہوائی چکی پھونک مارنے پر یا آگے پیچھے گھمانے پر گول گھومے گی۔

گروپ

سائز : انفرادی یا جوڑوں میں
سطح : اعلیٰ درجے کے لئے

مہارت

ہدایات پر عمل کرنا
سوچ کے تسلسل کی مشق
مختلف تصورات
انگلیوں سے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ

Topic: *Storms*

Lesson: 2

Day:

Material: pictures of storms.

* PROCEDURE *

1- بچوں سے پوچھے کہ طوفان کب آتا ہے؟ جب بجلی پڑتی ہے؟ ہوا چلتی ہے؟ بادل گرجتے ہیں؟ بارش ہوتی ہے؟ یا اولے پڑتے ہیں؟

2- بچوں کو طوفان کی تصاویر دکھائیں اگر تصویر نہیں ہے تو white board پہ draw کر کے بتائیں

3- بچوں سے طوفان کے بارے میں بات کریں. کونسی احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیے جب طوفان آئے.

4- بچوں کو بتائیں کہ اگر وہ ایسی جگہ پر ہے جہاں پر طوفان آ جاتا ہے تو بچوں کو چاہیے کہ کسی محفوظ جگہ پر جائیں

5- بچوں کو اگلے صفحے پہ موجود تصویر دکھائیں جس میں طوفان کی ایک قسم بھی بتائی گئی ہے جسکا نام Tornado ہے (اس قسم کا طوفان South America میں آتا ہے جو کہ ہوا کی بہت زیادہ رفتار میں بھنور کی شکل میں ہوتا اور bottom سے تنگ اور اوپر سے کھلا ہوتا ہے. اگلے صفحے پہ تصویر ملاحظہ کریں)

6- بچوں کو پیلا رنگ دیں جس کی مدد سے وہ طوفان کو draw کریں.

cloudy
Sunny
Snow
Rain
Windy
Tornado

Level :- Nur

بھاگو بھاگو

ضروری سامان

اگر آپ کمرے میں ہوں تو کسی چیز کی ضرورت نہیں۔
اگر کمرے میں نہ ہوں تو ایک ٹین کا ڈبہ اور لکڑی کا چمچہ

آغاز کیجئے

۱) بچوں کو بتایئے کہ آپ سننے اور گننے کا کھیل کھیلیں گے۔
۲) ہر بچے کو اس کا نمبر بتایئے اور کہئے کہ وہ اپنا نمبر یاد رکھے۔
۳) نمبر ایک سے نو تک ہونے چاہئیں اور اگر کلاس بڑی ہو تو نو تک جانے کے بعد دوبارہ ایک سے شروع کریں۔
۴) اب کسی بچے سے کہیں کہ وہ باہر جائے۔ (نظروں سے اوجھل) اور دروازے پر دستک دے (یا چمچے سے ڈبہ بجائے) اور ایک سے نو تک یا اس سے زیادہ کرے۔
۵) اگر بچہ سات مرتبہ دستک دے تو سات نمبر والے تمام بچے دروازے کی طرف دوڑیں۔ سب سے پہلے پہنچنے والا بچہ باہر جاتا ہے اور پھر وہ دستک دیتا ہے۔
۶) شروع کرنے سے پہلے پورا کھیل اچھی طرح سمجھا دیں۔

گروپ

سائز: پوری کلاس
سطح: نرسری کے لئے

مہارت

گنتی
سننا

Topic: Sounds All Around

Lesson: 3

Day:

Material:

* Procedure *

1. بچوں سے اپنے ارگرد آنے والی آوازوں کے بارے میں پوچھیں۔
2. بچوں سے پوچھیں کہ کس قسم کی آوازیں ان کے لیے خوشگوار ہیں اور کس قسم کی آوازیں ناخوشگوار ہیں۔
3. یعنی موسیقی کی آواز خوشگوار آوازوں میں آتی ہیں اور گدھے اونچی آواز ناخوشگوار آوازوں میں آتی ہیں۔ پہلے آپ اس کو explain کریں
4. اب بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کتنی خوشگوار اور ناخوشگوار آوازیں سنی ہیں۔ ان کی فہرست بنائیں۔
5. بچوں کو مختلف گھر میں استعمال ہونے والی اشیاء مہیا کریں مثلاً پلاسٹک، چمچ، اب ان کو استعمال کرتے ہوئے مختلف آوازیں produce کریں۔

پرچی پلٹیں

ی سامان

پرچیاں جن پر ہدایات لکھی ہوں
یقی کا آلہ جو آپ نے بنایا ہو
رنا ساتکیہ یا کوئی اور چیز جو ایک سے دوسرے کو دی جاسکے۔

کیجئے

ں کو ایک دائرے میں بٹھایئے۔
یہ یا کوئی چیز مثلاً ڈبہ، پینسل، گڑیا، ایک بچے کو دیجئے۔ بچوں کو ہدایت دیجئے کہ وہ
یہ ایک دوسرے کو اس وقت دیں گے جب آپ تالیاں بجانا یا موسیقی شروع کریں گے۔
ب تالی یا موسیقی رک جائے تو جس بچے کے پاس چیز ہو وہ اسے رکھ لے۔
ب وہ بچہ ایک ڈبے میں سے ایک پرچی نکالے گا اور اس پر لکھی ہوئی ہدایت پر عمل کرے گا۔
ں کھیل کے بعد بچے مزید سرگرمیاں بھی سوچ سکتے ہیں اور ہر بچہ ہدایات کی ایک پرچی بنا سکتا ہے۔
آپ (یا کوئی بچہ) اب تالیاں یا موسیقی شروع کر سکتے ہیں اور بچوں کو دیکھے بغیر کسی بھی وقت اچانک رک جائیں۔

ت کا نمونہ

ت آپ کو پہلے ہی تیار رکھنی ہوگی۔ اسے بڑی لکھائی میں لکھیں۔ چند مثالیں

..... "ت" سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ سوچئے۔
..... تین کپڑے جو آپ سردیوں میں پہنتی ہوں۔
..... پانچ بچوں کے نام جن میں "س" ہو۔
..... ایسی چیزوں کی فہرست بنایئے جو چپاتی بنانے کے لئے ضروری ہوں۔
..... اس کے علاوہ بھی بہت سی باتیں سوچی جا سکتی ہیں۔

وپ
:: پوری کلاس
: ہر سطح کے لئے، ابتدائی سطح کے لئے ہدایات میں تبدیلی کیجئے۔

ہارت
ھنے اور لکھنے کے ذریعے زبان کی مشق
جہ بندی
نی مشق
ی شعور
مد کے مطابق کھیل

Topic: High & Low

Level: Prep

Lesson: 3

Day:

Material: Taperecorder, cassettes about any poem /or a song.

* PROCEDURE *

1- بچوں کو اونچی اور نیچی (پست) آواز کا concept دینے کیلئے
آپ ٹیپ ریکارڈر لائیں۔ اس میں کوئی بھی نظم یا کوئی بھی
educational poem بچوں کو سنائیں۔

2- پہلے یہ یہی نظم low یعنی آہستہ آواز میں سنائیں جب بچے
سن لیں تو یہی نظم High یعنی full volume میں play
کریں

3- اس طرح بچوں سے پوچھیں کہ پہلی آواز کس قسم کی تھی اور
دوسری قسم کی آواز؟

* ACTIVITY *

4.

(Play Puppets, show)

بچوں کیساتھ puppet show کھیلیں۔ اور اس میں low & High pitch
آواز استعمال کریں۔ اور ایسے Dialouge استعمال کریں جو
بچوں کو اونچی اور پست آواز کے بارے میں بھی بتائیں۔

بالشت

ضروری سامان

کاغذ

پنسل

آغاز کیجئے

۱) کلاس کو جوڑوں میں تقسیم کیجئے۔

۲) بچوں سے کہئے کہ آپ سب مل کر چیزیں ناپیں گے مثلاً فرش کا کنارا، بلیک بورڈ، ڈیسک، دری، یا کھڑکی اور اس کے لئے آپ [illegible] ریں گے۔ بچوں کو اپنے ہاتھ کی بالشت دکھایئے۔

۳) ہر جوڑا ناپنے کے لئے اپنی پسند کی چیز منتخب کر سکتا ہے اور ایک چیز کو ایک سے زیادہ جوڑے بھی ناپ سکتے ہیں۔

۴) جوڑے کا ایک بچہ ناپتا ہے۔ دونوں گنتے ہیں اور دوسرا لکھتا ہے پھر دوسرا بچہ ناپتا ہے۔

۵) دونوں بچے پیمائش کا موازنہ کرتے ہیں اور پھر ایک دوسرے کی بالشت کا فرق بھی دیکھتے ہیں۔ اس طرح بچوں کو پتہ چلتا ہے کہ ہر بچے کی بالشت برابر نہیں ہوتیں اور اس سے بالکل درست پیمائش نہیں ہوتی۔

گروپ

سائز: جوڑے

سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

پیمائش

گنتی

موازنہ

Topic: Loud & Soft

Level: Prep

Lesson: 3

Day:

Material:

* Procedure *

1- ٹیچر پہلے ایک نظم اونچی آواز میں گائیں، یا پڑھے۔ پھر اسی نظم کو آہستہ یعنی نیچی آواز میں پڑھے۔

2- بچوں سے کہیے کہ وہ اپنے نام آہستہ آواز میں لیں۔ یہ عمل کرتے وقت وہ اپنے ہاتھ اپنے گلے پہ دکھ پہلے اپنا نام آہستہ آواز میں لیں۔ پھر اپنا نام اونچی آواز میں لیں۔ اور محسوس کریں

3- Clapping Sounds

3- بچوں سے کہیے کہ وہ پہلے آہستہ یعنی Soft آواز میں تالیاں بجائیں پھر اونچی آواز میں تالیاں بجائیں۔ اسطرح ان کو Soft اور Loud کے بارے میں پتہ چل جائے گا۔

جھنجھنا NWI

ضروری سامان

ڈبے ۔ دو خالی ڈبے
گتا (اس کے لئے آپ خالی چائے یا واشنگ پاؤڈر کے ڈبے استعمال کر سکتی ہیں)
تھوڑے سے کنکر/ٹوٹی ہوئی چوڑیاں / یا کوئی اور چیز جو آواز پیدا کر سکے۔
ٹیپ

آغاز کیجئے

١) ڈبے کا اوپری حصہ کاٹ لیجئے۔
٢) ایک ڈبے میں کنکر ڈالئے۔
٣) اب ڈبے کا کھلا ہوا حصہ جوڑ کر ٹیپ لگا دیجئے۔ تقریباً ایک انچ کھلا رکھئے۔
٤) اپنے جھنجھنے کا دستہ بنانے کے لئے اپنے گتے کو کئی بار موڑیئے۔ خیال رہے کہ اس کی لمبائی ایک ڈبے سے دگنی ہو اور چوڑائی تقریباً ایک انچ۔
٥) کھلے ہوئے حصے میں دستہ ڈالئے اور ٹیپ سے چپکا دیجئے۔
٦) جھنجھنے کو ہوا میں ہلایئے اور اپنی تیار کردہ موسیقی سنئے۔

گروپ

سطح: انفرادی
عمر: ہر بچے کے لئے

مہارت

استعمال شدہ اور بیکار اشیا کا دوبارہ استعمال۔
موسیقی کی سمجھ
ہدایات پر عمل
تعاون/مل کر کھیلنا

خیالی کہانیاں

ضروری سامان

فی گروپ پندرہ یا بیس تصویریں جو رسالوں اور کیلنڈروں وغیرہ سے کاٹی گئی ہوں۔ تصویروں کے ہر سیٹ میں مختلف مقامات، چیزیں، لوگ اور سرگرمیاں ہونی چاہئیں۔

آغاز کیجئے

۱) کلاس کو چار بچوں کے چھوٹے گروپوں میں بانٹئے۔
۲) گروپ سے کہئے کہ وہ تصویروں پر مبنی کہانی بنائے، کہانی کو زیادہ سے زیادہ خیالی بنانے کی کوشش کریں۔ عام روزمرہ کی معمولی باتوں سے گریز کریں۔ مثلاً اس عورت نے پھول خریدے وغیرہ۔
۳) ہر گروپ اپنی کہانی باقی کلاس کو سنائے۔ بڑے بچوں سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی کہانیاں لکھیں۔

ملتے جلتے کھیل

○ تصویروں کے بجائے ایک ڈبے میں مختلف چیزیں رکھئے مثلاً چابی، چھلہ، اون کی گیند اور اطراف میں پائی جانے والی دوسری چیزیں۔

لروپ
سائز : چھوٹے گروپ
طح : ہر سطح کے لئے۔

ہارت
نا کی مشق

کاغذ کے ڈیزائن

ری سامان

سائز اور نقش و نگار کے کاغذ
گتے کی شیٹ (کسی کھلے ہوئے ڈبے کی الٹی طرف سے بھی کام چل جائے)

از کیجئے

کاغذ کو مختلف شکلوں اور پٹیوں میں پھاڑیئے۔
ان اشکال کو سادہ گتے پر رکھ کر نمونے بنائیے۔ اشکال کو ایک دوسرے کے زاویوں وغیرہ سے ملائیے تاکہ الگ تھلگ اشکال کے بجائے ایک مکمل شکل بنے۔
) اشکال ادھر ادھر کر کے مختلف نمونے بنائیے۔
) اشکال کو گتے پر چپکائیے

لتے جلتے کھیل

نذ کے نمونوں کو لکڑی یا مٹی پر لگایا جا سکتا ہے۔

روپ

سائز: انفرادی
: ہر سطح کے لئے

مہارت

انگلیوں سے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ
استدلال اور منطق
تخلیقی صلاحیت
کاغذ کا دوبارہ استعمال

مبارک باد

ضروری سامان

کاغذ
پینسل
رنگ
قینچی
فٹا (اسکیل)

آغاز کیجئے

۱) بچوں سے ان مواقع کے بارے میں گفتگو کیجئے جب ہم ایک دوسرے کو کارڈ دیتے ہیں (دعوت نامے، مبارک باد اور شکریہ کے کارڈ وغیرہ)۔ مختلف طرح کے کارڈ دکھایئے۔

۲) مختلف تہواروں مثلاً عید، سال نو اور یوم اطفال کے کارڈ بنایئے جن میں جیومیٹری کی مختلف اشکال استعمال کریں۔

۳) بچوں کو دکھایئے کہ کاغذ کو نصف اور چوتھائی میں کس طرح موڑا جاسکتا ہے تاکہ شکل وہی رہے مگر سائز چھوٹا ہو جائے۔

ملتے جلتے کھیل

- مختلف اشکال کے کارڈ بنائیں مثلاً پھول، جانور وغیرہ۔ خیال رہے کہ کم از کم ایک انچ جگہ چھوڑیئے تاکہ کارڈ موڑتے وقت دونوں ٹکڑے گر نہ پڑیں (تصویر دیکھئے)
- ایک تھری ڈی کارڈ بنایئے (جس کی سطح ابھری ہوئی ہو) جس میں جھالر، پتے وغیرہ لگایئے۔
- خط لکھنے کے کاغذ کو سجایئے۔

گروپ

سائز: انفرادی
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

انگلیوں سے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ۔
زبان کی مشق
حساب کی مشق (جیومیٹری کس)
تخلیقی صلاحیت
استعمال شدہ سامان کا دوبارہ استعمال

سینا اور سجانا

ضروری سامان

- گتے خالی ڈبے (چائے، بسکٹ، سرف وغیرہ)
- اون
- بڑی سوئیاں جو نوک دار نہ ہوں
- پنسل (اختیاری)

تیار کیجئے

آپ سیدھے کیجئے۔

1) سیدھے کٹے ہوئے ڈبوں کی سادہ اندر کی طرف کوئی شکل یا نمونہ بنائیے۔ چھوٹے بچوں کے لئے سادہ ڈیزائن اور بڑے بچوں کے لئے مشکل ڈیزائن بنایا جا سکتا ہے۔ اسٹینسل یا ڈرائنگ کی کتابیں مدد کے لئے استعمال کی جا سکتی ہیں۔

2) نمونے کی بیرونی لکیروں کے ساتھ پن سے سوراخ کیجئے۔ سوراخوں کے درمیان فاصلہ انفرادی پسند سے رکھا جا سکتا ہے۔

3) سوراخوں میں اون پروئیے۔ مختلف رنگ استعمال کر کے ڈیزائن خوبصورت بنائے جا سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ پرونے کے بعد آپ ان لکیروں پر واپس آتے ہوئے بخیوں کے درمیان خالی جگہ پر کر سکتے ہیں۔ کناروں پر گانٹھ اور دھاگہ مت چھوڑیں۔

چلتے جاتے کھیل

کم عمر بچوں کے لئے گتے کے کناروں کے قریب سوراخ کئے جا سکتے ہیں جن کے درمیان تقریباً آدھے آدھے انچ کا فاصلہ ہو۔ اون کے ایک کنارے پر اسکاچ ٹیپ لگا دیں کہ وہ سخت ہو جائے۔ اب بچے اس اون کو بائنڈنگ کی طرح سوراخوں میں اون پرو سکتے ہیں۔ (تصویر دیکھئے)

- زیادہ ماہر بچے پھول، پتے یا جیومیٹری کی مختلف شکلیں بنا سکتے ہیں۔

گروپ

تعداد: انفرادی

عمر: ہر عمر کے لئے

مہارت

- ہاتھ اور آنکھوں کا ربط
- تخلیقی صلاحیت
- ڈبے دوبارہ استعمال کرنا۔

مکڑی کی چال

NUR

ضروری سامان

کچھ نہیں

آغاز کیجیے

۱) سب بچوں کو ایک جگہ اس طرح کھڑا کیجیے کہ ان کی پشت اس راستے کی طرف ہو جس پر انہیں جانا ہے۔
۲) ان سے کہئے کہ وہ اپنی ہتیلیاں زمین پر رکھ کر جھک جائیں۔ مگر ان کے گھٹنے زمین پر نہ لگیں۔
۳) آپ کی طرف سے اشارہ ملنے پر وہ اپنے ہاتھوں پیروں سے الٹے چلنا شروع کریں۔
۴) جو سب سے پہلے دوسری طرف پہنچے گا وہی جیتے گا۔

گروپ

سائز: پوری کلاس
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

حرکت
اعضاء کی بہتری

نام کا کھیل

ضروری سامان

کچھ نہیں۔

نوٹ: یہ کھیل اس وقت شروع کیجئے جب بچے یہ سمجھ جائیں کہ آوازوں سے الفاظ بنتے ہیں۔

آغاز کیجئے

۱) بچوں سے کہئے کہ وہ ایک قطار میں آپ کی طرف رخ کر کے یوں کھڑے ہو جائیں۔ کہ درمیان میں چھ فٹ کا فاصلہ رہے۔

۲) اب کسی حرف کی آواز نکالئے۔

۳) جن بچوں کے نام میں اس حرف کی آواز ہو وہ ایک قدم آگے بڑھیں۔

۴) حروف کی آوازیں نکالتے رہیں یہاں تک کہ ہر ایک بچہ آپ تک پہنچ جائے۔

گروپ

سائز: پوری کلاس۔

سطح: ہر سطح کے لئے۔

مہارت

زبان کی مشق

یادداشت

اعضاء کا ربط

بانو بولی

ضروری سامان

کچھ نہیں۔

آغاز کیجئے

۱) اپنے گروپ کو اس طرح ترتیب دیجئے کہ

.... آپ سب سے پہلے ہوں۔

.... گروپ آپ کی طرف دیکھ رہا ہو۔

.... حرکت کرنے کے لئے مناسب جگہ ہو۔

۲) بچوں سے کہئے کہ آپ انہیں کچھ حکم دیں گی جو وہ صرف اس صورت میں مانیں کہ پہلے کہا جائے "بانو بولی" مثلاً جب کہا جائے "بانو بولی تالیاں بجاؤ" تو سب کو تالی بجانی چاہئے۔ اور اگر "بانو بولی" کے بغیر کوئی حکم دیا جائے تو وہ نہ مانا جائے۔

۳) نئے الفاظ استعمال کیجئے۔ آپ درسی کتاب کے الفاظ بھی استعمال کر سکتی ہیں۔

گروپ

سائز : پوری کلاس

سطح : ہر سطح کے لئے

مہارت

زبان کی مشق۔

سننے کی صلاحیت۔

زبانی ہدایات پر عمل۔

بھیڑیئے بھیا کتنے بجے ہیں؟

N۸

ضروری سامان

بڑے کارڈ جن پر ایک سے بارہ تک عدد لکھے ہوں۔
آپ بسکٹ یا چائے کے ڈبے کو الٹی طرف سے استعمال کر سکتے ہیں۔

آغاز کیجئے

۱) بچوں کو کھیل یوں سمجھایئے کہ۔
۲) ایک بچہ بھیڑیا بن کر بیچ میں کھڑا رہے۔
۳) اور دوسرے دائرے میں کھڑے ہو کر کہیں۔
"بھیڑیئے بھیا کتنے بجے ہیں؟
۴) بھیڑیا کہتا ہے "تین بجے ہیں" اور ساتھ تین والا کارڈ بچوں کو دکھاتا ہے۔ بھیڑیا آہستہ آہستہ گھومتا ہے تاکہ ہر بچہ دیکھ سکے۔
۵) جب بھیڑیا کہے "۱۲ بجے ہیں" (کھانے کا وقت) تو باہر ہونے کی صورت میں ہر بچہ درخت یا دیوار چھونے دوڑتا ہے۔
۶) بھیڑیا کسی بچے کو پکڑنے کی کوشش کرتا ہے اور پکڑے جانے والا بچہ بھیڑیا بن جاتا ہے۔
۷) اب کسی بچے کو بھیڑیا بننے کا کہیں۔ دوسرے بچوں سے دائرہ بنوائیں اور بھیڑیئے کو اعداد کے کارڈ دے دیجئے۔

گروپ

سائز: بڑا گروپ
سطح: ابتدائی سطح کے لئے

مہارت

وقت کی سمجھ
اعداد کی پہچان
کھیل کھیلنا

میرا ساتھی کون ہے؟

NUY

ضروری سامان

کچھ نہیں

آغاز کیجئے

۱) بچوں سے کہئے کہ وہ ایک پیر پر کھڑے ہو کر ہر طرف کودتے پھریں۔ پوری جگہ میں کودیں۔

۲) آپ کی طرف سے تالی یا سیٹی کا اشارہ ملتے پر ہر ایک کو فوراً اپنا ایک ساتھی ڈھونڈنا ہوگا۔

۳) جب آپ دوسری مرتبہ تالی بجائیں تو انہیں اپنا ساتھی چھوڑ کر دوبارہ کودنا ہوگا۔ مگر اس مرتبہ دوسرے پیر پر۔ اس عمل کو جتنی مرتبہ چاہیں دہرائیں۔

۴) بچوں سے کہئے کہ وہ ہر بار ایک نیا ساتھی ڈھونڈیں یہ بھی خیال رکھئے کہ بچے اپنے درمیان فاصلہ رکھیں ورنہ آپ دیکھیں گے کہ ست یا شرمیلے بچے ایک دوسرے کے نزدیک ہی کودتے رہیں گے تاکہ آپ کے اشارے پر وہ فوراً ایک دوسرے کے ساتھی بن سکیں۔

گروپ

سائز: پوری کلاس

سطح: ابتدائی سطح کے لئے

مہارت

تعاون

اعضاء میں بہتری / جسمانی ورزش

دائرے میں تکیہ

ضروری سامان

ہر بچے کے لئے ایک چھوٹا کپڑے کا تکیہ

آغاز کیجئے

نوٹ: بچوں کے ساتھ مل کر کپڑے کے چھوٹے تکئے بنائیے (تقریباً ۴ × ۴) جن میں کپڑے کی کترنیں استعمال کیجئے۔ تکیوں کے اندر پلاسٹک کے تھیلوں کے کٹے ہوئے ٹکڑے بھرے جا سکتے ہیں۔

۱) کلاس کو جوڑوں میں تقسیم کیجئے۔

۲) ایک بچے سے کہئے کہ وہ اپنے بازوؤں کو آگے کی طرف پھیلا کر ایک دائرہ بنائے۔

۳) اب دوسرا بچہ دو مرتبہ اس دائرے میں سے تکیہ پھینکے۔

۴) اب دونوں بچے اپنی جگہ تبدیل کریں۔ ان سے کہئے کہ وہ درمیان کا فاصلہ بڑھاتے جائیں تاکہ دلچسپ . . .

گروپ

سائز: جوڑے۔

سطح: ابتدائی سطح کے لئے

مہارت

جسمانی صلاحیت کی بہتری

کاغذ کا پھول

ضروری سامان

عکس اتارنے کے لئے باریک کاغذ
پتوں اور تنے کے لئے موٹا کاغذ
پھول کے لئے کاغذ

آغاز کیجئے

۱) تصویر کے مطابق ڈیزائن کو باریک کاغذ پر اتار لیجئے اور کاٹ کر الگ کیجئے۔
۲) اس کے دونوں رخ رنگ سے بھریئے۔
۳) الف سے پ تک پتیاں چپکایئے۔
۴) اب آپ باقی تین پتیاں ایک ایک کر کے پینسل کے گرد اس طرح لپیٹئے کہ مڑ جائیں۔
۵) اب آپ پتے کا عکس اتاریئے اور اسے کاٹ کر پتوں کے دونوں طرف رنگ بھریئے یا اپنے پاس جمع شدہ چیزوں میں سے موزوں کارڈ ڈھونڈیے۔
۶) ایک سے زیادہ پتے بنایئے۔
۷) پتے کے اوپری حصوں کو ایک پینسل کے گرد ہلکا سا دبا کر موڑیئے۔
۸) کاغذ کے تنے کے نچلے حصے پر پتے چپکایئے۔
۹) تنا بنانے کے لئے ۲/۱ انچ چوڑا اور ۷ یا ۸/۱ انچ لمبا گتے کا ٹکڑا کاٹئے اور اسے آدھی لمبائی پر موڑ لیجئے۔
۱۰) تنے کے ایک کنارے پر کاغذ موڑنے والی لکیر ۲/۱ انچ کاٹ لیجئے اور دو پٹیاں بنایئے۔
۱۱) اب ان پٹیوں کو باہر کی طرف موڑ لیجئے۔ پٹی کا اوپری حصہ پھول کے نچلے حصے سے چپکا دیجئے۔

ملتے جلتے کھیل

○ لڑکیاں خود اپنے پتوں اور پھول کے ڈیزائن بناتی ہیں۔ بچیوں سے کہئے کہ وہ اپنے ارد گرد پھولوں اور پتوں کی شکل و صورت اور رنگ کا معائنہ کریں۔ اس طرح وہ فطرت اور ماحول کا مشاہدہ کریں گی اور ان کی زبان بہتر ہوگی۔

گروپ

سائز: انفرادی یا جوڑے
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

ہاتھوں سے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ
ہدایات پر عمل کرنا/ زبان کی صلاحیت میں بہتری

ماچس کی تیلیوں کا معمہ

NW

ضروری سامان

ہر بچے یا ہر دو بچوں کے لئے ماچس کی ۲۰ استعمال شدہ تیلیاں

آغاز کیجئے

۱) پہلے تو بچوں کو ۱۲ تیلیوں سے بنے پانچ مربعوں کا نمونہ دکھائیے۔
۲) اب ان سے پوچھئے کہ وہ ۲۰ تیلیوں کی مدد سے کتنے مربعے بنا سکتے ہیں۔ تیلیاں ٹوٹی یا مڑی نہیں چاہئیں اور انہیں صرف کناروں سے ملانا چاہئے۔

ملتے جلتے کھیل

○ ہر بچے کو ۲۴ یا ۲۰ تیلیاں دیجئے
(۱) انہیں مخصوص اشکال بنانے کا کہیں۔
مثلاً ایک بڑا اور دو چھوٹے مربعے بنائیے۔ ایک ہی سائز کی مثلثیں بنائیے۔
دو مربعے اور دو مثلثیں بنائیے۔
(ان اشکال کو بنانے کے لئے کتنی تیلیاں استعمال کی گئیں)
(۲) جب بچے درج بالا اشکال بنا چکیں تو ان سے کہئے کہ وہ ۲، ۳ یا ۴ تیلیاں ہٹالیں۔
اب ان سے پوچھیں کہ کتنی اشکال بچیں۔

گروپ

سائز : انفرادی / جوڑے
سطح : ہر سطح کے لئے

مہارت

اشکال کے بارے میں معلومات حاصل کرنا
مسائل حل کرنے کی مشق
گنتی

پتھر پہچانئے

Nwy

ضروری سامان

مختلف طرح کے پتھر

آغاز کیجئے

۱) ہر بچے سے کہئے کہ وہ ایک پتھر کا بغور معائنہ کرے اور پھر اس پر نام یا امتیازی نشان لگئے۔
۲) سب پتھروں کو ملائیے۔
۳) بچوں کی آنکھوں پر پٹی باندھئے یا ان سے آنکھیں بند کرنے کو کہیں۔
۴) اب ایک پتھر کسی بچے کو دیجئے تاکہ وہ چھو کر دیکھے۔ اگر وہ پتھر اس بچے کا نہ ہو تو وہ دوسرے بچے کو دے دیا جاتا ہے۔ اگر وہ اس کا ہو تو بچہ پتھر پر اپنا نام یا امتیازی نشان بتا کر کھیل سے نکل جاتا ہے۔
۵) ایک بار پھر پتھروں کو دیکھنے کا موقع دیں۔ اور پھر دوبارہ کھیل شروع کریں۔

ملتے جلتے کھیل

- دوسری چیزوں کے ساتھ بھی ایسا کھیل کھیلیں۔
- اگر بچے آنکھوں پر پٹی باندھنے سے بے چینی محسوس کریں تو پتھروں کو کپڑے کے تھیلے میں ڈال کر انہیں دیجئے تاکہ وہ تھیلے میں ہاتھ ڈال کر اپنے پتھر کو پہچانیں۔

گروپ

سائز: انفرادی
سطح: ہر سطح کے لئے

مہارت

زبان کی مشق
حواس کا استعمال

Nur

ابھرتے ڈیزائن

ضروری سامان

سادہ کاغذ

رنگین چاک یا کھریا مٹی

ایک **پتہ یا پر** جس سے ڈیزائن اتارنے کا مظاہرہ کیا جا سکے۔

آغاز کیجئے

۱) پتے یا پر کو کاغذ کے نیچے رکھئے۔

۲) اس کے اوپر رنگدار چاک کو دبا کر رگڑیئے حتیٰ کہ اس کاغذ پر نیچے رکھی ہوئی چیز کا ڈیزائن ابھر آئے۔

۳) بچوں سے کہئے کہ وہ اپنے کاغذ لے کر اپنے ارد گرد کی چیزوں کے ڈیزائن اتاریں۔ اگر ممکن ہو تو انہیں باہر بھی جانے دیں۔

۴) شروع میں بچوں کی مدد کیجئے مثلاً ان سے کہئے چارپائی کی رسیوں کا ڈیزائن اتاریئے۔ یا "کنگھی کے بارے میں کیا خیال ہے۔"

ملتے جلتے کھیل

○ کوئلہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے سفید موم بتی کو سکوں وغیرہ پر رگڑیئے اور کاغذ پر واٹر کلر کیجئے۔ موم رنگ کی مزاحمت کرے گا اور رنگین پس منظر میں سفید ڈیزائن نظر آئیں گے۔

گروپ

سائز : انفرادی

سطح : ہر سطح کے لئے

مہارت

ہلکے کام کرنے کی صلاحیت

چھونے کی سمجھ

تخلیقی صلاحیت

ماحول کا شعور